ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((650

05-12-2021

**بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی زیر نگرانی محکمانہ ترقی کے سلسلہ میں لسٹ A کے امتحان کا انعقاد کیا گیا۔امتحان میں ضلع بہاول پور سے جوانوں نے شرکت کی۔امتحان دینے والے جوانوں کے لیے تمام سہولیات کا خصوصی طور پر انتظام کیا گیا۔ترقی کے اس عمل میں 100 فیصد میرٹ کو مدنظر رکھا جائے گا۔محنتی اور میرٹ پر آنے والے جوان ہی ترقی کے اہل ہوں گے۔ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاول پور محمد فیصل کامران کی زیر نگرانی پولیس لائنز میں محکمانہ ترقی کے سلسلہ میں لسٹ A کے امتحان کا انعقاد کیا گیا۔امتحان میں ضلع بھر سے جوانوں نے شرکت کی ۔تمام جوان اپنی ترقی کے لیے انتہائی پر جوش اور مکمل تیاری کے ساتھ آئے ہوئے تھے۔لسٹ A کا امتحان اس لیے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ محکمہ میں مسلسل ترقی کی طرف پہلا قدم ہوتا ہے۔امتحان کے تمام مراحل کی ڈی پی او نے بذات خود نگرانی کی۔محنتی اور میرٹ پر پورا اترنے والے جوان ہی ترقی کے اہل ہوں گے۔امتحان میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے تمام عمل کو بذریعہ ویڈیو کیمرہ محفوظ کیا گیا ہے۔ترقی کے عمل سے جوانوں کا مورال بلند ہوتا ہے۔ڈیوٹی پر مامور افسران وملازمان کے لیے ریفریشمنٹ اورامتحان میں شامل ملازمان کے لیے خصوصی نششتیں پانی اور دیگر تمام سہولیات کا خصوصی طور پر انتظام کیا گیا۔جبکہ سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر پولیس لائنز میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے۔اس موقع پر اے ایس پی سٹی،ڈی ایس پی صدر،ڈی ایس پی لیگل I،ڈی ایس پی لیگل II اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (651)

05-12-2021

**بہاولپور() اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ضلع میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر اتوار کے روز عبادت کے حوالے سے ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر SOP کے مطابق سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران کو چھتوں ودیگر مقامات پر تعینات کیا گیا۔ ضلع کے تمام سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھا جائے گا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی زیر نگرانی محکمانہ لسٹ A کے امتحان کا انعقاد کیا گیا۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (652)

05-12-2021

**بہاولپور () تھانہ کوتوالی پولیس کی موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے خلاف بڑی کارروائی، گھلو گینگ کا سرغنہ 04 ساتھیوں سمیت گرفتار، لاکھوں روپے نقدی، 03 عدد موٹرسائیکلیں اور دوران واردات استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز بھی برآمد کرلیا۔ مقدمات درج۔ برآمد شدہ مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کیا جا رہا ہے، بہاولپور پولیس جرائم بر خلاف مال کے ملزمان کو گرفتار کرتے ہوئے مال مسروقہ برآمد کر رہی ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جا سکے اور پولیس پر مزید اعتماد بحال ہو، آئندہ بھی ایسے ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گیں، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او محمد فیصل کامران کی قیادت میں بہاولپور پولیس معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے، تھانہ کوتوالی پولیس نے موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ملوث ملزمان کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے گھلو گینگ کے سرغنہ کو 04 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، جن کی نشاندہی پر لاکھوں روپے مالیتی نقدی، موٹرسائیکلیں برآمد کرلیں۔ اے ایس پی سٹی سرکل کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ کوتوالی کی زیر نگرانی تفتیشی افسران و ملازمان پر مشتمل ٹیم نے ملزمان کو جدید ٹیکنالوجی و شب و روز کی محنت سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گھلو گینگ کے سرغنہ محمد قاسم جبکہ دیگر ساتھیوں شامل نعمان، ابرار حسین، محمد زاہد اور محمد حبیب کو گرفتار کرلیا۔ جو کہ تھانہ کی حدود میں مختلف جگہوں سے موٹرسائیکل چوری کی وارداتیں کرتے تھے۔ ملزمان کی نشاندہی پر 03 لاکھ کے قریب نقدی، 03 موٹرسائیکلیں برآمد کرنے کے علاوہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز پسٹل 30 بور 04 عدد برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ ملزمان سے مزید انٹروگیشن جاری ہے، قانونی طریقے کے بعد برآمد شدہ مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کیا جا رہا ہے، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ایس ایچ او تھانہ کوتوالی کو کامیاب کارروائی کرنے پر شاباش دی، بہاول پور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کے لیے چوری شدہ مال برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر رہی ہے۔ اور اس میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے تاکہ بہاولپور کا امن برقرار رکھا جا سکے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاولپور: تھانہ کوتوالی پولیس کی موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے خلاف کارروائی، گھلو گینگ کا سرغنہ 04 ساتھیوں سمیت گرفتار، لاکھوں روپے نقدی، 03 عدد موٹر سائیکلیں اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز بھی برآمد، مقدمات درج۔